Submission of E-contents

1. Name: DR. SYED MOHAMMAD QUASIM
2. Designation: Associate Professor
3. Department/College: URDU/S. Sinha College, Aurangabad
4. Subject: URDU
5. Course Type : (UG/PG/UG Vocational Courses/PG Vocational Courses/Medical/Para-Medical/LAw/Technical/ Educational/ Diploma) write anyone : PG
6. Course (B.A/B.Sc/B.Com/M.A./M.Sc/M.Com) write anyone : M.A. 4th Sem, Paper 13th
7. Title/Heading of e-content : INSHAIYA 'HERO'—EK JAYEZA
8. Image to be displayed with e-content (1125x750 in jpg or png only): drive link
9. PDF of e-content (in . pdf and < 10Mb) : drive link
10. URL from YouTube Video of e-content:
11. Whatsapp Number * 9431632576

NOTE: In Sr.No.9 &10, One must be filled.

Fill and send to munodalgaya@gmail.com

19.08.2020

انشائیہ "ہیرو" — ایک جائزہ

M.A. 4th Sem, Paper 13th

ڈاکٹر سید محمد حسنین نے صنف انشائیہ میں عالمی شہرت حاصل کی ہے۔ ان کی شگفتہ، پر تاثیر اور دلچسپ نثر نے دل و دماغ کو ایک فرحت بخش احساس سے روشناس کیا ہے۔ صنف انشائیہ اور چند انشائیے ان کی مشہور زمانہ کتاب ہے جس میں انہوں نے نثر کی مختلف صورتوں پر گفتگو کی ہے۔ مثلاً انشائیہ اور مضمون، انشائیہ اور مقالہ، مقالہ ایک صنف ادب، انشائیہ اور ادب لطیف، انشائیہ اور صحافت، انشائیہ اور قطعہ، انشائیہ اور ظرافت اور دیگر متعدد موضوعات پر گفتگو بلکہ عالمانہ اور مفکرانہ گفتگو کر کے پڑھنے والوں کے لئے معلومات کا خزانہ اکٹھا کر دیا ہے۔

اس کتاب کا دوسرا حصہ تقریباً ۲۷ انشائیوں پر مشتمل ہے۔ اس حصے میں مشہور و معروف انشائیہ نگاروں کے انشائیوں کا انتخاب شامل ہے۔ انشائیہ نثر کی ایک شاخ ہے۔ یہ ذہنی بہاؤ کا نتیجہ ہے۔ اس میں تخیل کی کارفرمائی ہوتی ہے اور مزاج کی شوخی در آتی ہے۔ جب انشائیہ نگار کسی موضوع کا انتخاب کرتا ہے تو اس کا ذہن محشر خیال بن جاتا ہے اور اس حالت میں اس کے نوک قلم سے باتیں پھلجھڑی کی طرح جھڑنے لگتی ہیں اور صفحۂ قرطاس پر ایک رنگ و آہنگ کا ایک حسین منظر پیش کرتی ہیں۔ اس حقیقت کی طرف ڈاکٹر حسنین نے ہی سب سے پہلے اشارہ کیا ہے اور انشائیہ کی تعریف کے سلسلے میں انشائیہ کو کامیاب نثری غزل قرار دیا ہے جس میں موضوع کی مختلف النوعی زیادہ کارگر ہوتی ہے۔

"ہیرو" ڈاکٹر سید محمد حسنین کا ایک مشہور انشائیہ ہے۔ اس انشائیہ میں مصنف نے بات سے بات پیدا کرنے کا جو وسیلہ اختیار کیا ہے وہ دلچسپ ہے۔ انشائیے کا آغاز وہ اس طرح کرتے ہیں:

"مرزا غالب کو آم بہت پسند تھے۔ آپ ناواقف ہوں گے۔ اچھے آم کی تعریف انہوں نے یوں کی تھی کہ بہت سے ہوں اور خوب میٹھے ہوں۔ آپ کی پسند اور ناپسند مجھے نہیں معلوم۔ مگر آپ جانتے ہوں گے کہ آم پسند نہ کرنے والوں کو غالب گدھا سمجھتے تھے۔ ہیرو پسند کا اظہار کر کے مجھے اس وقت آپ کی شناخت منظور نہیں۔"

انشائیہ کا آغاز جس پُر لطف اور مزاحیہ انداز میں ہوا ہے اس سے ڈاکٹر حسنین کی ذہنی ترنگ اور بذلہ سنجی کا اندازہ ہوتا ہے۔

ڈاکٹر حسنین نے ہیرو کی کئی اقسام بیان کی ہیں۔ مثلاً مثالی اور موسمی ہیرو۔ مثالی ہیرو کے بارے میں کہتے ہیں کہ یہ کتابوں کی دنیا میں نشوونما پاتے ہیں اور موسمی ہیرو ہر موسم اور زمانے میں نظر آتے ہیں۔ یہ طرح طرح کی حرکتیں کرتے ہیں اور خاص طور پر عشق کے سفلہ پن کا اظہار یوں کرتے ہیں اور کلاسیکی ہیرو کے مقابلے میں یہ زیادہ حوصلہ مند اور فعال ہوتے ہیں۔ اور لڑکپن سے پہلے عشق کا مادہ ان میں پیدا ہو جاتا اور جوانی سے پہلے حسینوں پر مرنے کا حوصلہ ان میں دکھائی دیتا۔ اس طرح موسمی ہیرو کا ذکر کرتے ہوئے ڈاکٹر حسنین لکھنؤ پہنچے ہیں اور وہاں کے دو بانکوں کی کہانی مزاحیہ انداز میں پیش کرتے ہیں۔ قاری اس طرح تبسم ریز ہو جاتا ہے۔ لکھنؤ کے

اسٹیشن سے دو بانکے ٹرین پر سوار ہوتے اور ایک ہی اسٹیشن پر
اترتے ہیں۔ ان دونوں کی نواب شان کا نرالا انداز ملاحظہ کیجئے :

"پہلے بانکے نے نہایت تمکنت کے ساتھ قلی کی طرف
اپنی چھڑی بڑھائی اور کہا دیکھتا کیا ہے۔ لے یہ چھڑی
اٹھا۔ بانکپن کا یہ مظاہرہ دوسرے کو زک دے گیا۔
دل ہی دل میں وہ تلملا گیا۔ جیسے اس کی کور دب گئی۔
اچانک چھوٹی جیب نے اسے سہارا دیا۔ اس نے بھی
"قلی قلی" کی صدا لگائی۔ ایک قلی دوڑ کر آیا۔
پاس آکر بولا۔ نواب صاحب! سامان کہاں ہیں؟
بانکے نے کام دار صدری کی جیب میں نہایت فخر سے
دو انگلی داخل کی۔ ٹکٹ نکالتے ہوئے قلی کو حکم
دیا۔ نواب کے بچے! لے یہ ٹکٹ اٹھا۔"

مجموعی اعتبار سے ہم کہہ سکتے ہیں کہ ڈاکٹر حسین رشید احمد صدیقی کی طرح
بات میں بات بنانے میں ماہر نظر آتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ ان کے انشائیوں
میں موضوعات کا تنوع اور مزاح کا رنگ قاری کے لئے مسرت و
انبساط کا سامان فراہم کرتا ہے

X

DR. SYED MOHAMMAD QUASIM
Associate Professor
Deptt. of Urdu, S. Sinha College, Aurangabad
Course: M.A. 4th Sem, Paper 13th
Title/Heading of E-content: INSHIYA 'HERO' EK JAYEZA
Whatsapp No. 9431632576